ONE NATION
ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پاکستان کرکٹ ٹیم آسٹریلوی چیلنج کے لیے تیار ہے، گرانٹ بریڈبرن

بنگلور19 اکتوبر، 2023ء:

پاکستان کرکٹ ٹیم آئی سی سی مینز ورلڈکپ 2023 میں اپنا چوتھا میچ جمعہ کے روز آسٹریلیا کے خلاف بنگلور کے چناسوامی اسٹیڈیم میں کھیلے گی۔

یہ اس گراؤنڈ میں اس ورلڈکپ کا پہلا میچ ہو گا، دوبڑی ٹیموں کے درمیان اس مقابلے میں اسٹینڈز میں موجود اور دنیا بھر کے کرکٹ شائقین کو سنسنی خیز کھیل دیکھنے کو ملے گا۔

بابر اعظم کی قیادت میں پاکستان کرکٹ ٹیم کا اس ورلڈکپ میں یہ چوتھا میچ ہے۔ اس نے حیدرآباد میں ہالینڈ اور سری لنکا کو شکست دی تھی جبکہ احمد آباد میں اسے انڈیا کے خلاف شکست ہوئی تھی۔

پاکستان ٹیم دس ٹیموں کے پوائنٹس ٹیبل پر اسوقت چوتھے نمبر پر ہے۔

بنگلور میں آنے کے بعد ٹیم نے پچھلے دو دنوں کے دوران فلڈلائٹس میں سخت پریکٹس کی ہے تاکہ کنڈیشنز سے خود کو ہم آہنگ کرسکے۔

پاکستان کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گرانٹ بریڈ برن پی سی بی ڈیجیٹل سے بات کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ چناسوامی اسٹیڈیم چھوٹا گراؤنڈ ہے اور باؤنڈریز چھوٹی ہیں جبکہ کنڈیشنز کھیل کے لیے بہت اچھی ہیں۔ ہم نے اپنا ہوم ورک کیا ہے۔

تریسٹھ، چونسٹھ میٹرز کی باؤنڈری کی وجہ سے یہ گراؤنڈ ہائی اسکورنگ رہا ہے جس پر بیٹرز نے ہمیشہ انجوائے کیا ہے لیکن بولرز کے لیے چیلنج ہوگا اور میرے خیال میں غلطی کی گنجائش بہت کم ہوگی۔

گرانٹ بریڈ برن کہتے ہیں کہ چونکہ ہمارا بولنگ اٹیک اسوقت اتنا ایکیوریٹ نہیں رہا ہے جیسا کہ کچھ وقت پہلے تک تھا لہذا ہمیں بہت ڈسپلن کے ساتھ بولنگ کرنی پڑے گی۔

بریڈ برن کہتے ہیں کہ اگرچہ بھارت کے خلاف نتیجہ ہمارے حق میں نہیں تھا تاہم ہمیں اس میچ سے کچھ اہم باتیں سیکھنے کو ملیں جو اس ٹورنامنٹ میں ہمیں کام آئیں گی۔ یہ سیکھنے کا اچھا موقع تھا کہ جب آپ بہت بڑے پرجوش کراوڈ کے سامنے کھیلتے ہیں۔ یہ عام سی بات نہیں ہوتی کہ آپ ایسے کراوڈ کے سامنے کھیلتے ہیں جو مکمل طور پر آپ کی حریف ٹیم کو سپورٹ کرتا ہو۔

گرانٹ بریڈ برن کہتے ہیں کہ اس میچ سے پہلے کھلاڑیوں اور کوچز کے درمیان اچھی گفتگو رہی ہے اور پچھلے میچ کے تجربات اور اس میچ کے حوالے سے ایک دوسرے کے خیالات سننے کا موقع ملا ہے، خاص کر چناسوامی اسٹیڈیم کے بارے میں مفید باتیں رہی ہیں خاص کر بولنگ اور ریورس سوئنگ کے بارے میں۔

اس ورلڈ کپ میں آسٹریلیا کا آغاز خاصا مایوس کن رہا ہے اور اسے انڈیا اور جنوبی افریقہ کے خلاف شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے جس کے بعد اس نے سری لنکا کو پانچ وکٹوں سے شکست دی۔

ورلڈکپ کے مقابلوں میں آسٹریلیا نے پاکستان کو دس میں سے چھ میچوں میں شکست دی ہے تاہم آخری بار جب یہ دونوں ٹیمیں آئی سی سی ورلڈکپ سپر لیگ سیریز میں مدمقابل ہوئی تھیں تو پاکستان نے آسٹریلیا کو دو ایک سے شکست دی تھی۔

بریڈبرن کہتے ہیں کہ ہم چاہتے ہیں کہ اس ورلڈکپ میں تیسرا میچ جیت کر تین ایک کے ساتھ چنئی جائیں جہاں ہمیں افغانستان اور جنوبی افریقہ کے خلاف کھیلنا ہے۔

اس ٹورنامنٹ میں دس بیسٹ ٹیمیں موجود ہیں اور جیسا کہ ہم نے پچھلے ہفتے دیکھا ہے کہ کوئی بھی کسی کو ہرا سکتا ہے۔ ہمیں آسٹریلیا کے اسٹائل اور طاقت کا اندازہ ہے اور ہم جانتے ہیں کہ ہم کہاں انہیں ایکسپلائٹ کرسکتے ہیں۔

بریڈبرن کا کہنا ہے کہ اب تک ہم تینوں شعبوں میں صحیح معنوں میں پرفارمنس نہیں دے سکے ہیں لیکن ہمیں پتہ ہے کہ جب ہم یہ کریں گے تو اور بہتر ہو گا۔

-END-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk | /PakistanCricketBoard | /TheRealPCB | /TheRealPCB | /PakistanCricketOfficia